CBSE Class 10 Urdu A Question Paper 2022 (May 12)

**SET-4**

**Series AQ@QA**

سوالنامہ کوڈ
Q.P. Code **5A**

رول نمبر
Roll No.

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا سوالنامہ کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **19** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **19** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو (کورس A)

# URDU (Course A)

وقت : ۲ گھنٹے
*Time allowed : 2 hours*

کل نمبر : ۴۰
*Maximum Marks : 40*



collegedunia
India's largest Student Review Platform

**Instructions :**

(i) This question paper contains **3** sections and total **19** questions.

(ii) Section A is based on Reading Comprehension.

(iii) Section B is based on Writing Skills, Functional Grammar and Supplementary Reader.

(iv) Section C is based on Text-Book.

(v) Write answers according to the Specific Instructions.

ہدایات :

(i) یہ سوال نامہ تین حصوں میں پوچھے گئے 19 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) 'حصہ۔الف' میں عبارت فہمی پر مبنی سوالات کیے گئے ہیں۔

(iii) 'حصہ۔ب' میں انشا پردازی، عملی قواعد اور معاون درسی کتب سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(iv) 'حصہ۔ج' میں درسی کتاب میں سے سوالات دیے گئے ہیں۔

(v) ہدایات کے مطابق ہی سوالوں کے جواب لکھیے۔

## Part-A (10 Marks)

## حصہ۔الف (10 نمبر)

1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 1×5=5

(الف)

لوک گیت اُن گیتوں کو کہتے ہیں جو عوام میں بہت مقبول ہوتے ہیں اور جنھیں اکثر عوام ہی گاتے ہیں۔ یہ گیت چھپی ہوئی کتابوں میں کم ملتے ہیں۔ بہت سے لوک گیت ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے بارے میں ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ ان کے خالق کون ہیں۔ لوک گیت زیادہ تر لوگوں کی زبان پر



collegedunia India's largest Student Review Platform

ہوتے ہیں اور ایک نسل سے دوسری نسل تک پہنچتے رہتے ہیں۔ لوک گیت عوامی جذبات، اُمنگوں اور تجربوں پر مبنی ہوتے ہیں۔ اسی لیے وہ کسی گروہ یا قوم کی آواز ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ان گیتوں میں عوامی زندگی کی منظر کشی اس طرح ہوتی ہے کہ ہماری نظروں کے سامنے ان کی تصویر کھنچ جاتی ہے۔

(i) لوک گیت کسے کہتے ہیں ؟

(ii) یہ لوک گیت ایک نسل سے دوسری نسل تک کیسے پہنچتے ہیں؟

(iii) مصنف کے مطابق لوک گیت کن چیزوں پر مبنی ہوتے ہیں؟

(iv) ان گیتوں میں عوامی زندگی کی منظر کشی کس طرح ہوتی ہے؟

(v) اقتباس میں سے 'جذبہ' اور 'تجربہ' کی جمع تلاش کر کے لکھیے۔

## (ب)

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا — بلبل تھا کوئی اُداس بیٹھا
کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی — اُڑنے چگنے میں دن گزارا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک — ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سُن کے بلبل کی آہ و زاری — جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے — کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری — میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل — چمکا کے مجھے دِیا بنایا

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

(i) بلبل کہاں اور کیسے بیٹھا ہوا تھا ؟



collegedunia
India's largest Student Review Platform

(ii) بلبل کیوں اُداس تھا ؟

(iii) جگنو کس طرح مدد کرے گا ؟

(iv) شاعر نے اچھے لوگوں کی کیا پہچان بتائی ہے ؟

(v) نظم میں سے ''روشنی' اور 'دن' کے متضاد الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

**2.** مندرجہ ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ $1\times5=5$

(الف)

اُردو پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ یہ مخلوط زبان ہے۔ اس سے تو کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ یہ ٹھیٹ ہندوستانی زبان ہے۔ اب رہی یہ بات کہ یہ مخلوط ہے، تو مخلوط ہونا کوئی عیب نہیں بلکہ ایک اعتبار سے خوبی ہے۔

یوں تو دنیا میں کوئی زبان خالص نہیں۔ ہر زبان نے کسی نہ کسی زمانے میں دوسری زبانوں سے کچھ نہ کچھ لفظ لیے ہیں۔ یہاں تک کہ جو زبانیں مقدس کہلاتی ہیں، وہ بھی اچھوتی نہیں۔ مخلوط زبان میں ہوتا یہ ہے کہ غیر زبان جو کسی قوم کو سیکھنی پڑتی ہے مخلوط نہیں ہوتی بلکہ اس کی اپنی زبان غیر زبان کے میل سے مخلوط ہو جاتی ہے۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے ؟

(iii) اُردو پر کیا اعتراض کیا جاتا ہے ؟

(iv) دنیا میں کوئی زبان خالص کیوں نہیں ہے ؟

(v) اقتباس میں سے لفظ 'عیب' کا متضاد تلاش کر کے لکھیے۔



collegedunia India's largest Student Review Platform

(ب)

کیا شام پڑے گلیوں میں وہی دلچسپ اندھیرا ہوتا ہے ؟
اور سڑکوں کی دُھندلی شمعوں پر سایوں کا بسیرا ہوتا ہے ؟
باغوں کی گھنیری شاخوں میں جس طرح سویرا ہوتا ہے ؟

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے ؟

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے ؟

(iii) شاعر یہ باتیں کس سے پوچھ رہا ہے ؟

(iv) اقتباس کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے :

شاعر نے اندھیرے کو 'دلچسپ' کہا ہے۔ اسی طرح شمعوں کو .......... اور شاخوں کو .......... بتایا ہے۔

(v) لفظ 'گلیوں' کے آخر میں سے 'وں' ہٹانے سے اس کا واحد 'گلی' بن جاتا ہے۔ اقتباس میں سے ایسے ہی دو الفاظ تلاش کیجیے اور اُن کے واحد لکھیے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

## Part-B (18 Marks)

## حصہ۔ب (18 نمبر)

**3۔** درج ذیل میں سے کوئی ایک کیجیے۔ *1×5=5*

(i) اپنے دوست کو خط لکھ کر عید الفطر کی مبارکباد دیجیے۔

(ii) اپنی بہن کی شادی کے سبب اسکول سے دو دن کی رخصتی کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔

**4۔** درج محاوروں اور کہاوتوں میں سے تین کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ *3×1=3*

(i) جان سے بیزار ہونا
(ii) ہاتھ نہ لگانا
(iii) آنکھیں بھر آنا
(iv) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا
(v) خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں
(vi) جیسی کرنی ویسی بھرنی

**5 ۔** درج ذیل خالی جگہوں میں سے صرف دو کو نیچے لکھے مناسب لفظ سے پُر کیجیے : *2×1=2*

مصرع , قافیہ , ردیف ، شعر

(i) وہ کلام جس میں لفظوں کی ایک ایسی خاص ترتیب یعنی موزونیت ہو اور اس سے لَے، نغمگی، آہنگ اور اثر پیدا ہو جائے ............ کہلاتا ہے۔
(ii) شعر کے دو حصّے ہوتے ہیں۔ ہر حصّہ ............ کہلاتا ہے۔
(iii) وہ لفظ جو یکساں آواز پر ختم ہوتے ہیں، انھیں ............ کہتے ہیں۔
(iv) عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں، انھیں........ کہتے ہیں۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

**6.** مطلع یا حسنِ مطلع کی تعریف لکھیے اور مثال بھی دیجیے۔ 2

**7.** نظم یا ڈراما کے بارے میں ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 3

**8.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے : $1\times2=2$

(i) افسانہ 'سخی' یا 'من کا طوطا' میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔

(ii) سلطان کو زیبو خالہ کا باہر جانے پر ٹوکنا کیوں بُرا لگتا ہے ؟ (سلطان)

**9.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے : $1\times1=1$

(i) مرزا چپاتی نے اُردو زبان کی جو قسمیں بتائی ہیں، ان میں سے صرف دو کے بارے میں لکھیے۔
(مرزا چپاتی)

(ii) لکھنؤ کی سرزمین کے متعلق خاکہ نگار نے کیا بات کہی ہے ؟ (جگر صاحب)

## Part-C (12 Marks)

## حصہ ۔ج (12 نمبر)

**ہدایت :** سوال نمبر 10 سے سوال نمبر 19 درسی اسباق پر مشتمل ہیں۔ ان میں سے صرف 6 سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کے بعد متعلقہ سبق کا نام بھی دیا گیا ہے۔ $6\times2=12$

**10.** رام سہائے مل اور بھاگ وتی کے خیالات کے بارے میں بتائیے۔ (آزمائش)

**11.** کسی بھی زبان میں بدیسی الفاظ داخل ہونے کا کیا فائدہ ہوتا ہے۔ (مخلوط زبان)



collegedunia India's largest Student Review Platform

12۔ چکبست کی شاعری کی اہم خصوصیت کیا ہے ؟ (چکبست لکھنوی)۔

13۔ سبق ''اشتہارات، ضرورت نہیں ہے، کے'' میں اطلاع عام کے اشتہار میں کیا بات بتائی گئی ہے؟

14۔ ڈراما ''آزمائش'' یا مضمون ''ماحول بچائیے'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

15۔ ''دل وہ نرالی بستی ہے'' سے کیا مراد ہے ؟ (غزل: فانؔی)

16۔ ''کامیاب دید'' اور ''محروم دید'' شاعر نے کیوں کہا ہے ؟ (غزل: اصغؔر)

17۔ دیہاتی بازار کیسا تھا ؟ (گرمی اور دیہاتی بازار)

18۔ فراق نے اپنی رباعی میں ''انسان کا خدا ہو جانا'' کیوں کہا ہے ؟

19۔ نظم ''او دیس سے آنے والے بتا'' یا ''آندھی'' کا خلاصہ لکھیے۔

..............................



collegedunia India's largest Student Review Platform